# عورت کا سوراخ والی چادر اوڑھ کر نماز پڑھنا

**مجیب:** مولانا محمد سعید عطاری مدنی

**فتوی نمبر:** WAT-2602

**تاریخ اجراء:** 17 رمضان المبارک 1445ھ / 28 مارچ 2024ء

## دار الافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

## سوال

اسلامی بہن کا ایسی چادر میں نماز پڑھنا جس میں بعض جگہ چھید (سوراخ) ہوں، کیسا ہے؟

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِكِ الۡوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَایَةَ الۡحَقِّ وَ الصَّوَابِ

عورت کے لیے چہرے، دونوں ہاتھوں اور دونوں پاؤں کے علاوہ سارے بدن کو نماز میں چھپانا فرض ہے، اگر چادر کے نیچے کپڑا نہ ہو اور سوراخ بھی بڑا ہو کہ جس سے بدن یا بال نظر آ رہے ہوں، تو اس میں درج ذیل تفصیل ہو گی:

◆ اگر کسی عضو کا چوتھائی حصہ کھلا ہوا ہے تو اس میں نماز نہیں ہو گی۔

◆ یونہی اگر کسی ایک عضو کا چوتھائی حصہ تو نہیں کھلا ہوا مگر جگہ جگہ سواراخ ہیں اور ان سے مختلف اعضاء کا تھوڑا تھوڑا حصہ کھلا ہوا ہے، تو اگر ان کھلے ہوئے حصوں کو جمع کیا جائے اور وہ جتنے حصے کھلے ہوئے ہیں، سب کا مجموعہ ان میں سے سب سے چھوٹے حصہ کی چوتھائی کے برابر ہو تو بھی نماز نہ ہو گی۔

◆ اور اگر یہ دونوں صورتیں نہیں (یعنی یا تو اعضائے ستر میں سے کوئی عضو بھی نہیں کھلا ہوا یا ایک عضو کھلا ہو تو اس کا بھی چوتھائی حصہ نہیں کھلا اور زیادہ عضو کھلے ہوں تو مجموعہ ان میں سے سب سے چھوٹے حصے کی چوتھائی کے برابر بھی نہیں کھلا ہوا) تو اس چادر میں نماز ہو جائے گی۔

بہار شریعت میں نماز کی شرائط کے بیان میں ہے: "عورتوں کے لیے سارا بدن عورت ہے، سوا مونھ کی ٹکلی اور ہتھیلیوں اور پاؤں کے تلووں کے، سر کے لٹکتے ہوئے بال اور گردن اور کلائیاں بھی عورت ہیں، ان کا چھپانا بھی فرض ہے۔۔۔ جن اعضا کا ستر فرض ہے، ان میں کوئی عضو چوتھائی سے کم کھل گیا، نماز ہو گئی اور اگر چوتھائی عضو کھل گیا اور فوراً چھپالیا، جب بھی ہو گئی اور اگر بقدر ایک رکن یعنی تین مرتبہ سبحان اللہ کہنے کے کھلا رہا یا بالقصد کھولا، اگرچہ فوراً چھپالیا، نماز جاتی رہی۔ اگر نماز شروع کرتے وقت عضو کی چوتھائی کھلی ہے، یعنی اسی حالت پر اللہ اکبر کہہ لیا، تو نماز

منعقد ہی نہ ہوئی۔ اگر چند اعضا میں کچھ کچھ کھلا رہا کہ ہر ایک اس عضو کی چوتھائی سے کم ہے، مگر مجموعہ ان کا اُن کھلے ہوئے اعضا میں جو سب سے چھوٹا ہے، اس کی چوتھائی کی برابر ہے، نماز نہ ہوئی، مثلاً عورت کے کان کا نواں حصہ اور پنڈلی کا نواں حصہ کھلا رہا تو مجموعہ دونوں کا کان کی چوتھائی کی قدر ضرور ہے، نماز جاتی رہی۔" (ملخص از بہار شریعت، ج 1، حصہ 3، ص 481، 482، مکتبۃ المدینہ)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net